سہراب جنگ لدھیانوی

حمد باری تعالیٰ

مجھے سُرور ملا ہے تیری ثنا کرکے
سدا قریب ہی پایا تجھے دُعا کرکے

یہ کونپلیں، یہ شگوفے، یہ پھول، برگ وشجر
شگفتہ رہتے ہیں ہر دم تیری ثنا کرکے

بڑا کرم ہے تیرا جو بھی دے دیا مجھ کو
میں دل اُداس کروں کس لئے گلہ کرکے

خدا تو تُو ہی ہے کون و مکان کا مالک
میں شعر کہتا ہوں بس تیرا آسرا کرکے

خطا کا پتلا ہوں اور وقتِ شام ہے مجھ پر
گزار دے میرے ایّام دلرُبا کرکے

تیرے اصول ہیں یکساں یہاں سبھی کے لئے
نجات پائی تھی یونس☆ نے بھی دُعا کرکے

یہ پھول حمد وثنا کے لیے رہیں سہرابؔ
خدا قبول کرے اپنا واسطہ کرکے

☆ سیدنا یونس علیہ السلام